سبق :۱۴

گاجر کی شادی

چھوٹی سی گاجر چلی ہے سسرال
کپڑے وہ پہنے ہوئے ہے لال لال

شلجم چچا ہیں تو مولی ہے خالا   آلو ہے اس کے بھائی کا سالا
بھائی ٹماٹر بھنڈی ممانی   ٹیڑھی کمر کی لوکی ہے نانی

رو رو کے سب کا ہوا ہے برا حال
چھوٹی سی گاجر چلی ہے سسرال

کالا کلوٹا بینگن ہے دولھا   جیسے سدا ہی جھونکا ہو چولھا
گردن میں ڈالے پھولوں کا گجرا   مارے خوشی کے ہے پھولا پھولا
شادی مبارک بولا کریلا   بھائی چچنڈا ہے اینٹھا اینٹھا

گوبھی کے سر پر ہے برفی کا تھال
چھوٹی سی گاجر چلی ہے سسرال

☆☆☆☆

پڑھیے اور سمجھیے:

سسرال : شوہر اور اس کے ماں باپ کا گھر

سالا : بیوی کا بھائی

ممانی : ماموں کی بیوی

گجرا : پھولوں کا ہار

تھال : سینی

برفی : ایک قسم کی مٹھائی

مشق

سوچیے اور جواب دیجیے:

چھوٹی سی گاجر کہاں چلی ہے؟

وہ کیسا کپڑے پہنے ہوئے ہے؟

دولھا کون بنا ہے؟

گاجر کس رنگ کا ہوتا ہے؟

تم نے کون کون سی ترکاریاں کھائی ہیں؟

خالی جگہوں کو پر کیجیے:

شلجم...... ہیں تو...... ہے خالا   آلو ہے اس کے...... کالا

بھائی...... بھنڈی......   ٹیڑھی...... والی...... ہے نانی

انھیں بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

گاجر	شلجم	مولی	کریلا	آلو
....	....	....	....	....
بھنڈی	کدو	ٹماٹر	چچنڈا	بیگن
....	....	....	....	....

اس نظم میں جن سبزیوں کے نام آئے ہیں ان کی تصویریں جمع کر کے اپنی کاپی میں چپکائیے۔

☆☆☆